
# محنت اور تقدیر

89٪ پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ محنت کرنے سے اُن کی تقدیر بدل سکتی ہے؛اس حوالےسے رائے رکھنے والوں کی شرح خواتین میں قدرے زیادہ 90٪ ،اور 40 سے 49 سال کے افراد میں سب سے زیادہ 97٪ دیکھنے میں آئی ، جبکہ یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد بھی اس رائے کی مضبوط حمایت کرتے نظر آئے88٪۔

کیا آپ سمجھتے ہیں کہ محنت کرنے سے تقدیر بدل سکتی ہے؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com;
www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

سماجی رویّے

عقائد اور سوچ

**محنت اور تقدیر**

## 89% پاکستانیوں کا ماننا ہے کہ محنت کرنے سے اُن کی تقدیر بدل سکتی ہے؛اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح خواتین میں قدرے زیادہ (90%)،اور 40 سے 49 سال کے افراد میں سب سے زیادہ 97% دیکھنے میں آئی، جبکہ FA یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد بھی اس رائے کی مضبوط حمایت کرتے نظر آئے (88%)۔

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)


(اسلام آباد)، 8جون 2026

گیلپ &گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی بھاری اکثریت (89%) کا ماننا ہے کہ محنت کرنے سے اُن کی تقدیر بدل سکتی ہے، جبکہ 10% افراد اس رائے سے اتفاق نہ کرتے نظر آئے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کیا آپ سمجھتے ہیں کہ محنت کرنے سے تقدیر بدل سکتی ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 89% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں"، اُن کا ماننا ہے کہ محنت کرنے سے اُن کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ جبکہ 10% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" محنت کرنے سے تقدیر نہیں بدل سکتی ہے۔ صرف 1% افراد نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا یعنی اُن کو اس حوالے سے "معلوم نہیں" تھا۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ پاکستانیوں میں اپنی کوششوں اور محنت کی طاقت پر مضبوط یقین پایا جاتا ہے۔ سروے کے نتائج سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ زیادہ تر لوگ محنت کو اپنی زندگی اور مستقبل بہتر بنانے کا اہم ذریعہ سمجھتے ہیں، بجائے اس کے کہ وہ قسمت کو مکمل طور پر پہلے سے طے شدہ سمجھیں۔


**"کیا آپ سمجھتے ہیں کہ محنت کرنے سے تقدیر بدل سکتی ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 780 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±3%-2 لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔


**جنس کے اعتبار سے نتائج:** محنت پر یقین، یعنی یہ رائے کہ محنت انسان کی تقدیر بدل سکتی ہے، مرد حضرات اور خواتین دونوں میں تقریباً ایک جیسی پائی گئی۔90% خواتین اور89% مرد حضرات اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ مسلسل محنت زندگی کو بہتر بنا سکتی ہے۔




*نوٹ: چارٹ میں "معلوم نہیں/جواب نہیں دیا" کی شرح شامل نہیں ہے

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
(*www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*)


**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** سروے کے نتائج یہ ظاہر کرتے ہیں کہ تعلیمی اعتبار سے بھی اس رائے کی حمایت تقریباً یکساں رہی۔FA یا اس سے زیادہ تعلیم رکھنے والے 88% افراد کا ماننا ہے کہ محنت تقدیر بدل سکتی ہے، جبکہ FA سے کم تعلیم یافتہ افراد میں یہ شرح معمولی زیادہ یعنی 90% رہی۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ محنت پر یقین ہر تعلیمی سطح پر عام ہے۔




*نوٹ: چارٹ میں "معلوم نہیں/جواب نہیں دیا" کی شرح شامل نہیں ہے

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
(*www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*)

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** عمر کے لحاظ سے بھی سوچ میں معمولی فرق نظر آتا ہے۔'محنت کرنے سے انسان کی تقدیر بدل سکتی ہے' کے حوالے سے سب سے زیادہ شرح 40 سے 49 سال کے افراد میں پائی گئی (97%)۔50 سے 59 سال اور 60 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد میں یہ شرح 91% رہی۔30 سال سے کم عمر نوجوان بھی اس رائے کی بھرپور حمایت کرتے نظر آئے (86%)۔جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ کامیابی میں محنت پر یقین ہر عمر کے افراد میں مضبوط ہے۔




*نوٹ: چارٹ میں "معلوم نہیں/جواب نہیں دیا" کی شرح شامل نہیں ہے

*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
(*www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*)

مجموعی طور پر، نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانیوں کی بہت بڑی اکثریت محنت کو اپنے مستقبل کی تشکیل کے لیے بہت اہم سمجھتی ہے۔ یہ رائے ہر عمر، جنس اور تعلیم کے گروپ میں تقریباً یکساں پائی جاتی ہے، جو اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ پاکستانی معاشرے میں ذاتی کوشش، محنت، لگن اور ثابت قدمی کو کامیابی کے لیے اہم سمجھا جاتا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 08 June 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan
(1980-2026)